**18.11.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

------------------------------

☆ برازیل کے شہر Rio De Janeiro میں آج شام جی۔20 سربراہ میٹنگ کا آغاز ہورہا ہے۔ وزیراعظم نریندرمودی مختلف عالمی معاملات پر بھارت کے موقف اور نئی دلی میں رہنماؤں کے اعلامیے سے متعلق نتائج پیش کریں گے۔

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں انتخابی مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما آخری لمحات میں ووٹروں کو راغب کرنے کی ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔

☆ دلی کے سابق وزیر کیلاش گہلوت عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دینے کے بعد آج نئی دلی میں بی جے پی میں شامل ہوگئے ہیں۔

☆ دلی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ انتہائی خراب کے زمرے کو پار کرگیا اور یہ 487 درج کیا گیا۔

☆ اور۔۔۔ تیراندازی میں Luxembourg میں جی ٹی اوپن میں خواتین کے تیراندازی کمپاؤنڈ مقابلے میں بھارت کی جیوتی سریکھا Vennam نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### Brazil G-20

برازیل کے شہر ریو دے جنیرو میں میوزیم آف ماڈرن آرٹ میں آج جی-20 کی انیسویں سربراہ میٹنگ شروع ہونے والی ہے۔ اِس چوٹی میٹنگ میں مختلف ممبر ملکوں کے سربراہ اور بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندے مختلف اجلاسوں میں شرکت کریں گے اور اِس سال کے اعلان کے ترجیحی شعبوں کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

وزیراعظم نریندر مودی بھی اس چوٹی میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ اِس سال کی چوٹی میٹنگ کا موضوع ہے
''Building a just and sustainable world''

اجلاس 2 دن تک جاری رہے گا جس سے اِس کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔پہلے دن افتتاحیہ اجلاس ہوگا اور امید ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی افتتاحیہ اجلاس سے خطاب کریں گے جوکہ اِس سال کے Troika کے ممبر اور پہل قدمی کے پروزور حامیوں میں سے ایک ہیں۔گروپ-20 کے اجلاس کے موقع پر کچھ باہمی امور پر بھی تبادلۂ خیال ہونے کی امید ہے۔

## G20- Amitabh Kant

انیسواں جی ٹوئنٹی اعلامیہ، بھارت کے اعلامیے کے بعد ایک پیشرفت ہوسکتا ہے۔غربت اور بھکمری، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والوں اور نہ کرنے والوں کے بارے میں مذاکرات، خواتین کی قیادت والی ترقی اور SDGs کے ذریعے نابرابری کو ختم کرنے اور سب کی شمولیت کے ذریعہ خوشحالی لانے میں مدد مل سکتی ہے۔آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، انیسویں جی ٹوئنٹی کے، بھارت کے شیرپا امیتابھ کانت نے، جی ٹوئنٹی کے سب کی شمولیت والے نظریے اور جاری اہم مذاکرات کے موقف کو دہرایا۔ انہوں نے برازیل کی صدارت میں ترجیح کے طورپر بھکمری اورغربت کے خلاف عالمی اتحاد کی اہمیت کے بارے میں بھی بات کی۔

**S/B Amitabh Kant**

## AYUSHMAN HEALTH CARD

نئے متعارف کرائے گئے ایوشمان Vay Vandana کارڈ نے ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے اور اس کے تحت 70 برس یا اس سے زیادہ عمر کے دس لاکھ سے زیادہ بزرگ شہریوں نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ اس کارڈ سے ایوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کے تحت بزرگ شہری مفت صحت خدمات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ 29 اکتوبر کو وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے اس کارڈ کے آغاز کئے جانے کے تین ہفتے کے اندر اندر یہ سنگ میل حاصل کیا گیا ہے۔ تقریبا چار لاکھ خواتین نے ایوشمان Vay Vandana کارڈ کے لئے اندراج کرایا ہے۔ اس کے آغاز کے بعد سے 9 کروڑ روپے سے زیادہ کے علاج ومعالجے کومنظوری دی گئی ہے جس سے ایک ہزار 400 خواتین سمیت چار ہزار 800 سے زیادہ 70 برس کے بزرگ شہریوں کو فائدہ ہوگا۔X

## Maha Election

مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ ان دونوں ریاستوں میں انتخابی مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔کانگریس رہنما راہل گاندھی نے الزام لگایا ہے کہ مہاراشٹر میں حکمراں مہایوتی سرکار کی لاپروائی سے وہ 7 لاکھ کروڑ روپے کے کئی پروجیکٹوں سے محروم ہوگئی اور یہ دوسری ریاستوں کو مل گئے۔ اِن پروجیکٹوں کی بدولت ریاست کے 5 لاکھ نوجوانوں کو کام دھندے مہیا کرائے جاسکتے تھے۔ انہوں نے ممبئی کے باندرہ- کرلا کمپلیکس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ روزگار، افراط زر، خواتین کے معاملات اور مہاراشٹر کی دولت عوام کو واپس دلانا آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے اہم معاملات بنے ہوئے ہیں۔NCP (SP) کے سربراہ شرد پوار پُنے اور اہلیانگر میں اپنے پارٹی امیدواروں کی حق میں مہم چلائے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف بی جے پی کے صدر جے پی نڈا بیلاپور، Akkalkot اور Karjat میں چناؤ جلسوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری گونڈیا اور ناگپور میں انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔اِسی دوران مہاراشٹر میں بی جے پی کے اعلیٰ رہنما امت شاہ کی ریلی منسوخ کردی گئی ہے۔جھارکھنڈ میں انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے کیونکہ وہاں بھی آج شام یہ مہم ختم ہورہی ہے۔اِن دونوں ریاستوں میں اس مہینے کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مہاراشٹر میں ایک ہی دن میں ووٹنگ ہوگی جبکہ جھارکھنڈ میں ووٹنگ کا دوسرا مرحلہ ہوگا۔

## GAHLOT BJP JOIN

دلی کے سابق وزیر اور عام آدمی پارٹی کے لیڈر کیلاش گہلوت آج بی جے پی میں شامل ہوگئے ہیں۔ انہوں نے بی جے پی کے سینئر لیڈر منوہر لال، پارٹی کے قومی نائب صدر Baijayant Panda اور دلی بی جے پی کے سربراہ وریندر سچدیوا اور دیگر پارٹی لیڈروں کی موجودگی میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ کل جناب گہلوت نے عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال کو اپنے استعفیٰ نامے میں جناب گہلوت نے کہا کہ آج پارٹی کو شدید چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ سیاسی مفادات نے پارٹی کے عوام کے تئیں عزائم پر ترجیح حاصل کرلی ہے جس کے سبب کئی وعدے پورے نہیں ہوپائے ہیں۔ X

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''ڈجیٹل لائف سرٹیفکیٹ'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ اس پروگرام میں پنشن اور پنشن یافتگان کی فلاح وبہبود سے متعلق محکمے کے جوائنٹ سکریٹری Dhrubajyoti Sengupta اور دفاعی شعبے کے پنشن اکاؤنٹ سے متعلق جوائنٹ کنٹرولر جنرل Molly Sengupta بطور ماہر شرکت کریں گے۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ **Askair** کے ساتھ **X** پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ **x**

## Delhi Pollution

دلی **NCR** خطے میں ہوا کی کوالٹی مزید خراب ہوگئی ہے۔آج صبح گیارہ بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ**487** درج کیا گیا جو انتہائی خراب زمرے سے زیادہ ہے۔آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق پنجابی باغ میں **497** ،دلی کے بوانہ اسٹیشن میں **AQI**، **495**، آنند وہار میں **492**، وزیر پور میں **494** جبکہ شادی پور میں **479** ریکارڈ کیا گیا۔آج صبح سویرے قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں ہلکے سے اوسط دھند چھایا رہا۔ **IMD** نے کہا ہے کہ آئندہ دو دنوں کے دوران دلی اور این سی آر میں رات اور صبح سویرے کے دوران دھواں اور دھند چھایا رہنے کا امکان ہے۔ **X**

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے اگلے چار روز کے دوران شمال مغربی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں کم از کم درجہ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس تک کی کمی آنے کی پیش گوئی کی ہے۔موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔**x**

## Rev Lanka New Cabinet

سری لنکا میں کولمبو کے صدارتی سیکریٹریٹ میں صدر انورا کمارا دِسانائیکے کے سامنے آج کابینہ وزیروں کو حلف دلایا گیا۔ **22** ارکان پر مشتمل کابینہ نئے باصلاحیت افراد اور منجھے ہوئے سیاست دانوں پر مشتمل ہے۔ جس کا مقصد ملک کو درپیش اہم مسئلوں کو حل کرنا اور لگاتار ترقی کے لیے ایک منصوبہ عمل طے کرنا ہے۔**Dr Harini Amarasuriya** بدستور وزیراعظم رہیں گی اور وہ تعلیم، اعلیٰ تعلیم اور پیشہ ورانہ تعلیم کی وزارت کا کام کاج بھی سنبھالیں گی۔ اسی طرح **Vijitha Herath** امور خارجہ کے وزیر غیرملکوں میں روزگار اور سیاحت کے محکمے کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

## Nepal India Border

کاٹھمنڈو میں بھارت اور نیپال کے درمیان سرحدی سیکورٹی کے میدان میں تال میل کے بارے میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ شروع ہوئی ہے جو پیر تک جاری رہے گی۔میٹنگ میں سرحد پار کے جرائم پر قابو پانے اور تیسرے ملک کے باشندوں کے غیرقانونی داخلے کی روک تھام کے بارے میں غوروخوض کیا جارہا ہے۔ نیپال کی طرف سے سرحدی علاقوں میں جرائم پر قابو پانے اور اس سلسلے میں جانکاری کے تبادلے، غیرقانونی منشیات کے دھندے، بردہ فروشی اور تیسرے ملکوں کے باشندوں کے غیرقانونی داخلے کی روک تھام کے لیے تجاویز پیش کی گئی ہیں۔میٹنگ میں بھارتی وفد کی قیادت SSB کے ڈائریکٹر جنرل امرت موہن پرساد کررہے ہیں۔بھارت کے وفد نے اتوار کو وزیرداخلہ رمیش Lekhak سے سنگھ دربار میں بات چیت کی تھی۔ اس موقع پر نیپال کے وزیر داخلہ جناب Lekhak نے کہا کہ غیرقانونی طور پر سرحد پارکرنے والے افراد کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ پیش آیا جانا چاہئے۔

## Chess India tournament

کولکاتہ میں ٹاٹا اسٹیل شطرنج ٹورنامنٹ میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی میگنس کارلسن نے Blitz کا خطاب جیت لیا ہے۔ انھوں نے فائنل سے پہلے بھارت کے ارجن Erigaisi کے ساتھ مقابلے میں 12 پوائنٹس حاصل کرلیے تھے۔ فائنل مقابلے میں Vidit Gujrathi کے خلاف لگاتار تین بار جیت درج کرکے کارلسن نے Blitz کا خطاب جیت لیا۔ اس سے پہلے انھوں نے یہ خطاب سال 2019 میں جیتا تھا۔x

## Jyothi Surekha Gold

تیراندازی میں Reigning ایشین گیمز چمپئن جیوتی سُریکھا Vennam نے لگزم برگ میں خواتین کے جی ٹی اوپن کمپاؤنڈ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔لگزم برگ میں پہلی بار جی ٹی اوپن میں کھیلتے ہوئے جیوتی نے پورے ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور بیلجیم کی سارہ Prieels کو 147-145 سے ہراکر یہ اعزاز جیت لیا۔اِسی دوران مردوں کے کمپاؤنڈ مقابلے میں ابھیشیک نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

☆☆☆☆ز•☆☆